# 27-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپوزیشن بی آرایس پرسخت تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ بی آرایس کا مستقبل ختم ہوگیا ہے۔

۲۔ بی آرایس پارٹی کی آج 26ویں یوم تاسیس ہے۔یوم تاسیس کے پیش نظر تلنگانہ بھون میں سلورجوبلی تقریب منعقد ہوئی۔

۳۔روڈ اینڈ بلڈنگس کے وزیرکومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے سکریٹریٹ میں عہدیداروں کے ساتھ اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

۴۔قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیندر ریڈی نے ریاستی وزیر اظہرالدین اور کودنڈارام کو ایم ایل سیز کے طور پرحلف دلایا۔ریاست اوراقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے کا عزم ظاہرکیا۔

MAHESH

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدرمہیش کمارگوڑ اوراے آئی سی سی انچارج میناکشی نٹراجن نے ڈی سی سیز کے ساتھ گاندھی بھون ایک اعلی سطحی میٹنگ کی قیادت کی۔اس دوران پارٹی کو بوتھ لیول سے مضبوط کرنے اورعلاقائی سطح پر مضبوطی پرزوردیا۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کو بنیادی سطح سے مضبوط کرنے پرہی کامیابی یقینی ہے۔لوک سبھا کے اپوزیشن لیڈرراہول گاندھی نے بھی پارٹی کو بنیادی سطح پر مضبوط کرنے کی ہدایت دی ہے۔انہوں نے کہا کہ بوتھ لیول سے پارٹی کو مضبوط بنانے سے ہی انتخابات میں 80فیصد کامیابی یقینی ہے۔

BAL PURASKAR:

مرکزی حکومت نے بال پرسکار 2026ء کیلئے درخواستیں جمع کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار 2026ء کا اعلان ہوا ہے۔ بال پرسکار کے تحت مختلف شعبوں میں کامیابی حاصل کرنے والے بچوں کو ایوارڈس دئے جائیں گے جس کیلئے حکومت ہند نے 5 سال سے لے کر 18 سال کی عمر مقرر کی ہے۔ اہل بچوں کو چاہئے کہ وہ نیشنل ایوارڈ پورٹل میں اندراج کروائیں۔ آخری تاریخ 31 جولائی 2026ء مقرر کی ہے۔ یہ ایوارڈ بہادری، سائنس، آرٹس، اسپورٹس اور سماجی خدمات کے شعبہ میں دئے جائیں گے۔ بچوں کو چاہئے کہ وہ 31 جولائی سے قبل سرکاری ویب سائٹ پر اندراج کریں۔

NALGONDA:

نلگنڈہ ضلع کلکٹر بی چندر شیکھر نے کلکٹریٹ میں گود لینے والے مرکز کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طور پر گود لینا ایک سنگین جرم ہے۔ حکومت کے پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام کے تحت گود لینے والے مرکز کا افتتاح کیا گیا۔ ضلع کلکٹر نے کہا کہ اس کیلئے ایک ہفتہ طویل شعور بیداری پروگرام چلایا گیا۔ ضلع کلکٹر نے دیہی سطح پر بھی شعور بیداری پروگرام منعقد کرنے کا عہدیداروں کو مشورہ دیا اور اس کام میں شفافیت لانے کی ہدایت دی۔ غیر قانونی طریقہ سے گود لینے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

PREZ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپنے پانچ روزہ سرکاری پروگرام کے تحت ہماچل پردیش پہنچے۔ ایرپورٹ پر گورنر کاویندر گپتا نے صدر جمہوریہ کا استقبال کیا۔ اس موقع پر چیف منسٹر سوکھویندر

سنگھ سکھو اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس کے بعد صدر جمہوریہ نے تاریخی اٹل ٹرنل سے متعلق تفصیلات حاصل کیں اور بارڈر روڈ آرگنائزیشن کے عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی۔ اس دوران صدر جمہوریہ مرمو نے پالمپور میں منعقدہ کرشی وشواودیالیہ کے پروگرام میں شرکت کی۔ صدر جمہوریہ کے دورہ کے پیش نظر سیکورٹی کے سخت بندوبست کئے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی مقام شملہ، پالمپور اور منالی ہزاروں سیاح گھومنے آتے ہیں۔

KAMAREDDY:

کاماریڈی ایڈیشنل کلکٹر مدھوموہن نے کلکٹریٹ میں گود لینے سے متعلق ہلپ ڈسک کا افتتاح کیا۔ پرجا پالنا پرگتی پرنالیکا 99 روزہ پروگرام کے تحت ہلپ ڈسک لگایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گود لینے کے پراسیس کو ایمانداری کے ساتھ انجام دیا جائے گا جس کیلئے چائلڈ ویلفیر سرویس کی خدمات حاصل کی گئی ہے اور یہ کام قانونی طریقہ پر مکمل کیا جائے گا۔ والدین کے ساتھ کونسلنگ بھی کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ویلفیر آفیسر پریملا اور چائلڈ ویلفیر آفیسر شراونتی کے علاوہ دیگر عہدیدار بھی موجود تھے۔

OATH:

قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیندر ریڈی نے ریاستی وزیر اظہر الدین اور کودنڈا رام کو ایم ایل سیز کے طور پر حلف دلایا۔ حلف برداری تقریب میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے علاوہ ڈپٹی چیرمین بنڈا پرکاش مودیراج، پی سی سی چیف مہیش کمار گوڑ بھی موجود تھے۔ ان کے علاوہ ریاستی وزیر سریدھر بابو، ویویک اور رکن پارلیمنٹ ویم نریندر ریڈی بھی موجود تھے۔ ایم ایل سی کے طور پر حلف لینے کے بعد ریاستی وزیر اظہر الدین نے وزیر اعلیٰ اور کانگریس پارٹی کا شکریہ ادا کیا۔

انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی اور وزیر اعلیٰ کی قیادت میں ایمانداری کے ساتھ کام کریں گے۔ اقلیتی بہبود کی جو ذمہ داری انہیں دی گئی ہے اس کو بخوبی نبھائیں گے۔ ساتھ ہی ساتھ اظہر الدین نے کہا کہ عوام کی خدمت کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھی جائے گی۔

JUPALLY:

ٹورازم و ایکسائز وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے آج مکئی کے خریداری سنٹر کا افتتاح کیا۔ ضلع ناگر کرنول کے پدا کوتہ پلی میں انہوں نے سنٹر کا افتتاح کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے سنجیدہ ہے۔ ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کسانوں سے ہر ممکنہ تعاون فراہم کرنے کا مشورہ دیا۔ وزیر نے کہا کہ مکئی کی منتقلی میں کچھ مسائل پیش آرہے تھے جنہیں حل کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے کسانوں سے وعدہ کیا کہ حکومت ان کی فصل کی واجبی قیمت ادا کرے گی کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کی جائے گی۔ ناپ تول میں کسانوں کے ساتھ ناانصافی کرنے والوں کو بخشا نہیں جائے گا۔

MEDAK

میدک ضلع کلکٹر پریتما سنگھ نے آج حویلی گھن پور کے دھان کی خریداری مرکز کا اچانک دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے کسانوں سے بات چیت کرتے ہوئے ان کا حال چال جانا اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ کسانوں کے ساتھ تعاون کریں۔ اس کے بعد ضلع کلکٹر نے خریداری مرکز پر موجود اناج کی تفصیلات حاصل کی۔ انہوں نے کسانوں کو 3 اسٹیج ٹوکن سسٹم سے متعلق تفصیلات فراہم کی۔ ضلع کلکٹر نے کہا کہ علاقہ کے 880 کسانوں سے 4270 میٹرک ٹن اناج خریدا گیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ خریداری مرکز پر آنے والے

کسانوں کو تمام سہولیات فراہم کریں ۔ان کے لئے پینے کے پانی کا انتظام کیا جائے اور انہیں قیام کیلئے شیڈس تعمیر کئے جائیں تاکہ گرمی سے راحت مل سکے۔

CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کونسل چیرمین گتہ سکھیند رریڈی ،اسپیکر اسمبلی پرسادکمار کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اسمبلی کے احاطہ میں اور ارکانِ اسمبلی کو ورلڈ کلاس سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ پارلیمنٹ کی طرز پر اسمبلی میں بھی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ ارکانِ اسمبلی کی سیکورٹی اوران کی پرائیوسی پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ پبلک گارڈن میں ممبرس کلب تعمیر کیا جائے گا۔ واکنگ ٹریک تعمیر کیا جائے گا اور ساتھ ہی ساتھ اسپورٹس کی سہولیات بھی فراہم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آئندہ اسمبلی اجلاس کیلئے سنٹرل ہال کو تیار رکھنے کا مشورہ دیا۔

KOMATREDDY

روڈ اینڈ بلڈنگس کے وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے سکریٹریٹ میں عہدیداروں کے ساتھ اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس دوران ترقیاتی منصوبوں اور ہائی اسپیڈ ریلوے کوریڈور و دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اِس موقع پر آر اینڈ بی ڈپارٹمنٹ کے عہدیداروں کے علاوہ محکمہ ریلوے کے عہدیدار بھی موجود تھے۔حیدرآباد، پونے، ممبئی اور فیوچر سٹی چینائی بنگلور روٹس پر بھی بات چیت کی گئی۔اِس دوران عہدیداروں نے ریاستی وزیر کو پاور پوائنٹ پرزنٹیشن بھی پیش کیا۔ میٹنگ کے دوران حیدرآباد۔ممبئی کوریڈور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس اجلاس میں ایچ ایم ڈی اے،ایچ ایم آر ایل کے عہدیدار بھی موجود تھے۔

NAIDU

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ ایم چندرابابونائیڈو نے ریاستی وزیراین منوہر کے ساتھ ٹیلی کانفرنس کی۔اس موقع پراعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔اس دوران ریاست میں ایندھن کی قلت و دیگرامور پرتبادلہ خیال کیا گیا۔وزیراعلیٰ نے مسائل کے حل کیلئے آئیل کمپنیوں اور ضلع انتظامیہ سے رابطہ میں رہنے کا مشورہ دیا۔اس دوران چندرابابونائیڈو نے کالا بازاری میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات دئے۔ انہوں نے ہر تین گھنٹہ میں رپورٹ پیش کرنے کا عہدیداروں کومشورہ دیا۔

BRS:

بی آرایس پارٹی کی آج 26ویں یوم تاسیس ہے۔یوم تاسیس کے پیش نظر تلنگانہ بھون میں سلور جوبلی تقریب منعقد ہوئی۔اس تقریب میں پارٹی صدر کے سی آر نے شرکت کی۔یوم تاسیس تقریب میں بی آرایس کے سرکردہ لیڈرس بھی موجود تھے۔کے سی آر نے پارٹی لیڈرس سے بات چیت کی۔اس دوران کے سی آر نے موجودہ کانگریس حکومت پرسخت تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ہرمحاذ پرنا کام ہوچکی ہے۔کے سی آر نے کہا کہ ریاست کی تقسیم کے موقع پر کئی مسائل پیش آرہے تھے۔انہوں نے پارٹی لیڈرس کو نچلی سطح سے پارٹی کومضبوط کرنے کا مشورہ دیا اور کہا کہ موجودہ حکومت کسانوں کے مسائل کوفراموش کرچکی ہے جس کی وجہ سے ریاست کے کسان بنیادی سہولیات سے محروم ہوگئے ہیں۔

CENTENARY:

آندھرایونیورسٹی کی صدسالہ تقریب منعقد ہوئی۔وشاکھاپٹنم میں واقع آندھرایونیورسٹی کیمپس

میں تقریب منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں سرکردہ شخصیات گورنر عبدالنذیر، چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو، ریاستی وزیر لوکیش اور سابق کرکٹر سچن ٹنڈولکر نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کا والہانہ استقبال کیا گیا اور نائب صدر جمہوریہ کی موجودگی میں تاریخی کیمپس میں صد سالہ تقریب منعقد ہوئی۔

WARANGAL:

ضلع کلکٹر ستیہ شاردھا نے ایک ہفتہ طویل ڈرگس کے خلاف شعور بیداری پروگرام کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو ڈرگس سے بچنے کیلئے سماج کو مشترکہ طور پر کوشش کرنی چاہئے اور ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم ڈرگس فری سماج کی تعمیر کریں۔ انہوں نے نوجوانوں کو ڈرگس سے دور رہنے کا مشورہ دیا۔ ساتھ ہی ساتھ ٹیچرس اور والدین کو بھی اپنے بچوں پر نظر رکھنے کی ہدایت دی۔

PROGRAM:

سرکاری وہپ و ویملواڑہ ایم ایل اے آدی سرینواس نے راجنا سرسلہ کے مروپا کا میں سائنسداں کسانوں کے دروازہ پر پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس دوران انہوں نے کسانوں سے اپیل کی کہ وہ ماہرین کے ساتھ مشورہ کریں اور اپنے فصل میں بہتری لائیں۔ رکن اسمبلی آدی سرینواس نے مٹی کی جانچ کے علاوہ فصل کی بہتری پر زور دیا۔ انہوں نے تجارتی فصلوں جیسے آئیل، پینج اور اعلیٰ اقسام کے دھان کی پیداوار پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے دھان کے کسانوں کو بونس بھی دیا جارہا ہے۔

KALESHWARAM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپوزیشن بی آر ایس پر سخت تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کا مستقبل ختم ہوگیا ہے اور اس کا سیاسی کیریئر داؤں پر لگ گیا ہے۔میڈیا سے خطاب کے دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ ہمارا مقابلہ بی آر ایس، بی جے پی اتحاد کے ساتھ ہے اور کالیشورم پروجیکٹ کی جانچ کی جائے گی اور حقائق منظرعام پر لائے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس معاملہ کی سی بی آئی جانچ کی رپورٹ کی بنیاد پر کارروائی کی جائے گی۔

Weather

تلنگانہ بھر میں شدت کی گرمی ہے۔محکمہ موسمیات نے ریاست بھر میں ایلو الرٹ جاری کردیا ہے۔عہدیداروں نے بتایا کہ عادل آباد، کمرم بھیم، آصف آباد، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ اضلاع میں درجہ حرارت ریکارڈ سطح پر درج ہوا ہے۔ان علاقوں میں گرم ہوائیں 30 تا40 کلومیٹر فی رفتار سے چل رہی ہے۔ساتھ ہی ساتھ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگراورناگرکرنول میں بھی الرٹ جاری کیا ہے۔

OO